7نومبر 2025ء

# کارکنوں کی ترسیلات زر برائے اکتوبر 2025ء کی پریس ریلیز

- اکتوبر 2025ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مد میں 3.4 ارب ڈالر کی آمد ہوئی۔
- نمو کے لحاظ سے ترسیلاتِ زر میں ماہ بہ ماہ اور سال بسال بنیادوں پر بالترتیب 7.4 اور 11.9 فیصد اضافہ ہوا۔
- جولائی تا اکتوبر مالی سال 26ء کے دوران مجموعی طور پر 13.0 ارب ڈالر موصول ہوئے جو گذشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملنے والی 11.9 ارب ڈالر ترسیلات سے 9.3 فیصد زائد ہیں۔
- اکتوبر 2025ء کے دوران ترسیلات زر کا بڑا حصہ سعودی عرب (820.9 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (697.7 ملین ڈالر)، برطانیہ (487.7 ملین ڈالر) اور امریکہ (290.0 ملین ڈالر) سے موصول ہوا۔

*******